ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز سندھ پولیس آفس

فون 99212639

- فارن ایکٹ کے تحت 08 غیر قانونی تارکین وطن گرفتار

- 94 چھاپہ مار کاروائیاں 06 پولیس مقابلے 130 ملزمان گرفتار 06 ہینڈ بل بم و دیگر اسلحہ برآمد

کراچی 05 ستمبر 2013ء۔ کراچی پولیس نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ایسٹ ویسٹ ساؤتھ زون کے متعلقہ تھانہ جات کی حدود میں اسنیپ چیکنگ، پیٹرولنگ، پکٹنگ، ریکی نگرانی، ایڈوانس انٹیلی جنس کلیکشن و سرویلنس جیسے اقدامات کی بدولت 08 غیر قانونی تارکین وطن کی فارن ایکٹ کے تحت گرفتاری عمل میں 34 مفرور اشتہاری ملزمان کے ساتھ ساتھ قتل، ڈکیتی، رہزنی و دیگر سنگین جرائم میں ملوث 130 ملزمان کو مختلف علاقوں سے گرفتار کرکے 39 کی تعداد میں مختلف قسم کے ہتھیار وغیرہ برآمد کرلیے

پولیس رپورٹ کے مطابق تینوں زون کے اضلاع شرقی غربی جنوبی وسطی اور ملیر میں جرائم اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مذکورہ دورانیے میں 94 چھاپہ مار کاروائیاں کی گئیں جبکہ پولیس مقابلوں کی تعداد 06 رہی

#